شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

30مارچ2023ء

پریس ریلیز

حکومتِ پاکستان کا نام نہاد امریکی ”جمہوریت سمٹ“ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ قابلِ صد تحسین ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): حکومتِ پاکستان کا نام نہاد امریکی ”جمہوریت سمٹ“ میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ قابلِ صد تحسین ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے امریکہ کی سرپرستی میں جاری جمہوریت سمٹ 2023ء میں پاکستان کا شرکت نہ کرنے کے فیصلے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ کی سرپرستی میں جمہوریت سمٹ شعبدہ بازی کے سوا کچھ نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ افغانستان میں عبرتناک شکست کے بعدُ دنیا بھر میں امریکہ کی ساکھ بُری طرح مجروح ہوئی۔ علاوہ ازیں چین کی بڑھتی ہوئی اقتصادی اور عسکری طاقت اور امریکہ کے ہر گزرتے ہوئے دن کے ساتھ مزید خراب ہوتے ہوئے اندرونی حالات یہ ثابت کررہے ہیں کہ امریکہ اب واحد سپریم پاور آن ارتھ نہیں رہا اور امریکہ کا یہ خواب شرمندۂ تعبیر ہوتا نظر نہیں آرہا کہ وہ اگلی صدی میں بھی ایک سپریم پاور کی حیثیت سے داخل ہوگا۔ اُنہوں نے کہا کہ اس سمٹ کے اہداف میں انسانی حقوق کا پرچار اور جمہوری رویوں کا فروغ شامل ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ خود امریکہ اور کانفرنس میں شامل بھارت اور اسرائیل کا شمار اِن اقدار کے لحاظ سے دنیا کے بدترین ممالک میں ہوتا ہے۔ تنظیم اسلامی کے امیر نے کہا کہ امریکہ کا اس سمٹ میں چین اور روس کو دعوت نہ دینا صاف ظاہر کرتا ہے کہ امریکہ کا سجایا ہوا یہ میلہ محض اپنی طاقت کے اظہار کی ایک کوشش ہے۔ پھر یہ کہ روس، یوکرائن جنگ کو امریکہ اور یورپ کے زاویہ سے پیش کرنے اور روس پر دباؤ بڑھانے کی ایک کوشش ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومتِ پاکستان کو امریکہ کے دباؤ سے مکمل طور پر نکلنا ہوگا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی اُصول یہ ہونا چاہیے کہ وہ بین الاقوامی معاملات میں تمام فیصلے دوسروں کے دباؤ کو رد کرکے صرف ملکی اور قومی مفادات کے تحت کرے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیم اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Thursday 30 March, 2023

"The decision of the Government of Pakistan to refuse participation in America's so-called 'Summit for Democracy' is commendable."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The decision of the Government of Pakistan to refuse participation in America's so-called "Summit for Democracy" is commendable. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while commenting on Pakistan's decision to reject participation in the ongoing Summit for Democracy 2023, held under the auspices of the US. He said that under the leadership of the US, the Summit for Democracy is naught but deceptive triviality. The fact of the matter is that after their disastrous defeat in Afghanistan, America's reputation has been severely damaged. Additionally, China's growing economic and military prowess, and America's increasing internal injury by the day, are proofs of the fact that America is no longer the sole supreme power on earth, and its dream of entering into the next century as a supreme power is en route to being unfulfilled. He added that the objectives of the summit include discussion on human rights and promotion of democratic values. While on the contrary, the US, along with other participants of this conference, India and Israel, are in fact the worst countries at upholding these standards. The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the fact that China and Russia remained uninvited by the US for this summit clearly demonstrates that this propped up farce of a conference is a sorry attempt by America to exhibit its domination. Furthermore, it is an attempt to pressurize Russia by portraying the Russia-Ukraine war through the American-cum-European perspective. He said that Pakistan must completely escape the coercions of the US. The fundamental rule governing Pakistan's foreign policy must be that it ignores all outside pressures and makes decisions concerning international affairs keeping its national interests first and foremost.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan